رہبر معظم کے نام امیر کویت کا پیغام - 13 /Feb/ 2007

کویت کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد صباح السالم الصباح نے آج سہ پہر کو رہبر معظم انقلاب اسلامی کے بین الاقوامی امور کے مشیرڈاکٹر ولایتی سے ملاقات میں رہبر معظم کے نام امیر کویت کے پیغام کو پیش کیا۔

اس ملاقات میں سالم الصباح نے کہا : جمہوری اسلامی ایران کے ساتھ کویت کی حکومت تمام شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کا پختہ عزم کئے ہوئے ہے۔

کویت کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ نے کہا : کویت کا اعلی سطحی وفد اور اقتصادی میدان میں مختلف تفاہم ناموں پر دستخط کویت کے پختہ عزم کا مظہر ہیں۔

کویت کے نائب وزیر اعظم نے ایران کےپرامن ایٹمی ٹیکنالوجی کے مسلّم حق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: خلیج فارس تعاون کونسل نے اپنی حالیہ قرارداد میں ایران کے پرامن ایٹمی پروگرام کی حمایت کی ہے۔

رہبر معظم کے بین الاقوامی امور کے مشیر ڈاکٹر علی اکبر ولایتی نے اس ملاقات میں امیر کویت کے تعمیری اور مثبت اقدام پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا: مسلمانوں کے باہمی تعاون اور یکجہتی کی بدولت بیرونی شرور طاقتوں کو علاقائی امور میں مداخلت کا موقع نہیں ملے گا اور تمام شعبوں میں باہمی تعلقات کے فروغ کے سلسلے میں ہم کویت کی تجویز کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

اس ملاقات میں طرفین نے عراق میں نوری مالکی کی حکومت کی حمایت ، شیعہ اور سنی مسلمانوں کے درمیان اتحاد کی کوششوں کو فروغ دینے ، عراق میں امن و سلامتی برقرار کرنے میں تعاون ، قبائلی ومذہبی اختلافات اور بیرونی طاقتوں کے جنگي عزآئم کو ناکام بنانے پر تاکید کی ۔